علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی اے	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: اُردو (404)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	درج ذیل میں سے دو اجزاء کی تشریح، سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے۔ (الف) مجھے اس سے بہت خوشی ہوتی کہ آپ پنجاب یونیورسٹی کی جوبلی کمیٹی میں رکن بنائے گئے ہیں اور اس سے بھی بڑھ کر یہ خوشی ہوئی کہ یورپ میں آپ کی علمی تحقیقات کی قدر ہوئی۔ لاہور میں کسی قدر دانی کی توقع نہ رکھئے گا۔۔۔۔۔۔۔۔ (ب) ''رپورتاژ کا وصف ہی یہ ہے کہ اس میں حقیقی گزرے ہوئے واقعات ہوں اور وہ سادگی سے اس طرح بیان کر لیے جائیں جیسے کہ وہ گزرے ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سچ نہیں رہتا''۔ (ج) بات تو ساری یہ ہے کہ تم انگریزوں کے خلاف ہو ان کی نوکری کرو گے، مگر بیٹی کو ان کے سکول میں نہیں پڑھاؤ گے۔ اس خاندان میں تو صرف تمہاری بہن اور بھانجا پڑھے گا۔۔۔۔۔۔۔۔ (اماں)	(20)
سوال نمبر۔2	کسی دو بند کی تشریح کیجئے۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دیجئے۔ (الف) کیا سناتا ہے، مجھے ترک وعرب کی داستاں — مجھ سے کچھ پنہاں نہیں اسلامیوں کا سوز وساز لے گئے تثلیث کے فرزند میراث خلیل — خشت بنیاد کلیسا بن گئی خاک حجاز! (ب) اور بھی دُکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا — راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ (ج) دیکھتا کیا ہوں کہ وہ پیک جہاں پیا خضر — جس کی پیری میں ہے مانند سحر رنگ شباب کہہ رہا ہے مجھ سے اے جویائے اسرار ازل — چشم دل وا ہو تو ہے تقدیر عالم بے حجاب دل میں یہ سن کر بپا ہنگامہ محشر ہوا — میں شہید جستجو تھا یوں سخن گستر ہوا	(15)
سوال نمبر۔3	درج ذیل اسباق میں سے دو کے خلاصے تحریر کیجئے۔ ۱۔ خطبہ حجۃ الوداع ۲۔ انارکلی ۳۔ اردو انشائیہ	(20)
سوال نمبر۔4	فیض احمد فیض کی شاعرانہ خوبیوں کا جائزہ لیجئے۔ فیض کے کلام کی مثالیں بھی دیجئے۔ یا مشتاق احمد یوسفی کے حالات زندگی اور ان کی مزاحیہ تحریر کی خوبیوں پر ایک مضمون تحریر کریں۔	(15)
سوال نمبر۔5	کسی ایک پر تنقیدی نوٹ لکھئے۔ ۱۔ خضر راہ ۲۔ امی ۳۔ کایا کلپ	(15)
سوال نمبر۔6	کسی ایک موضوع پر مضمون لکھئے۔ ۱۔ میرا پسندیدہ ٹیلی ویژن پروگرام ۲۔ اسلام امن کا دین ہے ۳۔ سائنس کے کرشمے	(15)

****